| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 1 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل کی شناخت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں:

- درجہ حرارت ناپنے کے لیے کون سا آلہ استعمال کیا جاتا ہے؟
- مقیاس المطر سے کیا مراد ہے؟
- ہواؤں کا رُخ جاننے کے لیے کیا استعمال کیا جاتا ہے۔

طلبہ سے جوابات لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو بتائیں آج ہم آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل کے بارے میں پڑھیں گے۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 76 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- تختہ تحریر پر آب و ہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل کے نام لکھیں۔

(1) سطحِ سمندر سے بلندی (2) خطِ استوا سے فاصلہ (3) سمندر سے فاصلہ (4) ہواؤں کا رُخ

- طلبہ کو وضاحت کریں جیسے جیسے کوئی علاقہ سطحِ سمندر سے بلند ہو گا وہاں درجہ حرارت اتنا ہی کم ہوتا چلا جائے گا۔
- اسی طرح خطِ استوا سے دوری بھی موسم پر اثر ڈالتی ہے۔ ایسے علاقے جو خطِ استوا سے دور ہوں وہاں سردی جبکہ قریب والے علاقے گرم ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو مزید بتائیں سمندر میں پانی خشکی کی نسبت نہ جلد گرم ہوتا ہے اور نہ جلد سرد۔ یہی وجہ ہے کہ سمندر کے گرد ساحلی علاقوں کا درجہ حرارت معتدل رہتا ہے۔

- انھیں بتائیں ہواؤں کا رُخ بھی آب و ہوا پر اثرانداز ہونے والے عوامل میں سے ہے۔ ہوائیں ہمیشہ زیادہ دباؤ والے علاقے کی طرف چلتی ہیں لہٰذا سرد علاقوں سے آنے والی ہواؤں کی وجہ سے ماحول کے درجہ حرارت میں کمی جبکہ گرم علاقوں سے آنے والی ہواؤں کی وجہ سے ماحول کا درجہ حرارت اضافے کا باعث بنتا ہے۔

**اعادہ** **3منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو 2 کا سوال (ii) طلبہ سے حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 2 |
| اُستاد کا نام:________ | ہفتہ: 4 | تاریخ:________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- وضاحت کر سکیں کہ قدرتی آفات سیلاب، زلزلے، گرد باد، برف شار کیسے رونما ہوتی ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب، فلیش کارڈز

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- موسم کے عناصر کون کون سے ہیں؟
- موسم پر اثر انداز ہونے والے عوامل کون سے ہیں؟

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 77 تا 80 سے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو ''قدرتی آفت'' کا مطلب بتائیں۔ انھیں فلیش کارڈز دکھائیں اور بتائیں کہ کسی بھی قدرتی آفات میں زلزلے، سیلاب، گرد باد اور برف شار وغیرہ شامل ہیں۔
- انھیں قدرتی آفت کے نتیجے میں ہونے والا نقصان کے بارے میں بتائیں۔ ان کے سامنے وضاحت کریں کہ یہ قدرتی آفات ماحول پر اس طرح اثر انداز ہوتے ہیں اور قدرتی وسائل، مالی اور جانی نقصان کا سبب بنتے ہیں۔
- طلبہ کو سیلاب کا مطلب بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ سیلاب کسی بھی مقام پر اضافی پانی کے بہاؤ کی وجہ سے آتا ہے اور اس کی وجہ سے زمین زیرِ آب آجاتی ہے۔ انھیں بتائیں کہ سیلاب آنے کی وجہ کیا ہے؟ اور اس کی روک تھام کیسے کی جاسکتی ہے؟ انھیں بتائیں کہ سیلاب کسی بھی جھیل یا دریا میں موجود پانی کی وجہ سے تب پیش آتا ہے، جب جھیل یا دریا میں گنجائش سے زیادہ پانی بھر جائے اور اضافی پانی کناروں سے باہر بہہ جائے۔ انھیں بتائیں قدرتی وسائل میں پانی کی سطح بڑھتی اور گھٹتی رہتی ہے۔

- طلبہ کو بتائیں کہ زلزلے کی وجہ سے سطح زمین کے اوپر جھٹکے پیدا ہوتے ہیں۔ انھیں بتائیں کہ زلزلے کی پیمائش ایک پیمانے سے کی جاتی ہے جسے ''ریکٹر اسکیل'' کہتے ہیں۔
- انھیں متن کی مدد سے زلزلے سے ہونے والے نقصانات اور اس سے بچاؤ کے لیے حفاظتی اقدامات بتائیں۔ انھیں پاکستان میں آنے والے زلزلے کے بارے میں بتائیں۔ جو کہ ۸/اکتوبر/۲۰۰۵ء میں آیا تھا۔ یہ زلزلہ دنیا کا چوتھا بڑا زلزلہ تھا۔ اِس زلزلے سے بہت جانی و مالی نقصان ہوا۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ''گرد باد'' کا مطلب بتائیں۔ گرد باد کو انگریزی میں Cyclone کہتے ہیں۔ انھیں متن کی مدد سے گرد باد/سمندری طوفان سے ہونے والے نقصانات اور اس سے بچاؤ کے لیے حفاظتی اقدامات بتائیں۔
- طلبہ کو متن کی مدد سے ''برفشار'' کا مطلب اور اس کی وجوہات بتائیں۔ انھیں بتائیں کہ برفشار کو انگریزی میں avalanche کہتے ہیں۔

**اعادہ** **3منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو(3) طلبہ سے حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سر گرمی نمبر2 حل کر کے لائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: معاشرتی علوم | سبقی منصوبہ بندی 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: جغرافیہ | سبق کا نام: موسم اور آب و ہوا |

## مقاصد:

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- قدرتی آفات خاص طور پر زلزلے سے پہلے، دوران میں اور بعد میں کیے جانے والے حفاظتی اقدامات کی شناخت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، بورڈ، مارکر/چاک۔ معاشرتی علوم (جماعت 4) کی کتاب

## تحریکی سرگرمی: 5 منٹ

کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچّوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- قدرتی آفات سے کیا مراد ہے؟ ان آفات سے کیا کیا نقصانات ہوتے ہیں۔
- سیلاب سے کیا مراد ہے؟ سیلاب سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر بتائیں۔

طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور انھیں بولنے کا بھرپور موقع دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: 25 منٹ

- طلبہ کو صفحہ نمبر 79 کے متن کی پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ قدرتی آفات کی صورت میں چند حفاظتی اقدامات ضروری ہیں۔ جن پر عمل کرتے ہوئے ہم خاصی حد تک ان آفات سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

### قدرتی آفات سے پہلے

- موسمی حالات کے بارے میں باخبر رہا جائے۔
- لوگوں کو قدرتی آفت سے بچنے کے لیے پہلے سے آگاہ کر دیا جائے۔
- جنگلات کے کٹاؤ کو روکا جائے تاکہ سیلاب اور برف شار سے محفوظ رہا جا سکے۔
- گھر ایسے علاقوں سے دور بنائے جائیں جہاں سیلاب، زلزلے یا گرد باد کا خطرہ ہو۔
- خطرات کی پیش گوئی ہوتے ہی کسی محفوظ مقام پر منتقل ہو جائیں۔

### قدرتی آفات کے دوران میں

- اپنے حواس پر قابو رکھیں۔

- ♦ اپنا حفاظتی سامان تیار رکھیں۔ جس میں خشک خوراک اور ادویات وغیرہ شامل ہوں۔
- ♦ زلزلے کے وقت کوشش کریں کہ عمارتوں اور گھروں سے باہر نکل آئیں۔
- ♦ قدرتی آفات کی صورت میں کوشش کریں کہ کسی محفوظ مقام پر چلے جائیں۔

**قدرتی آفات کے بعد میں**

- ♦ قدرتی آفات سے متاثر لوگوں کو کھانے پینے کی چیزیں اور ضروری سامان فراہم کیا جائے۔
- ♦ قدرتی آفات کے بعد جن لوگوں کو نقصان ہوا ہو۔ ان کے مسائل حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ یہ کام حکومت اور لوگ مل کر کریں۔
- ♦ زخمیوں کو ابتدائی طبّی امداد دی جائے۔
- ♦ امدادی کیمپ لگائے جائیں تاکہ متاثر لوگوں کی مدد کی جاسکے۔

- کتاب کے صفحہ نمبر 66 سرگرمی 3 کے لیے طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کریں اور زلزلے سے بچاؤ کے لیے ان سے فرضی مشقیں کروائیں اور ہدایات دیں کہ قدرتی آفت (زلزلے) کی صورت میں کون کون سی احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہییں۔
- بعدازاں ان سے کہیں کہ مشقیں کرتے ہوئے وہ جن مراحل سے گزرے ہیں انھیں ورک شیٹ پر تحریر کریں۔

| اعادہ | 3منٹ |
|---|---|

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

| جائزہ: | 5منٹ |
|---|---|

متن سے متعلق طلبہ سے سوالات کے جوابات لیں۔

| گھر کا کام: | 2منٹ |
|---|---|

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔